نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کی زیرصدارت لاہور میں کاٹن ایڈوائزری گروپ اور کسان سہولت سینٹرز کے قیام کیلئے اجلاس کا انعقاد۔

لاہور:05جون2023 ( ) سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے کہا ہے کہ کپاس کی بہتر مینجمنٹ کے لئے ہر ڈویژن میں کاٹن ایڈوائزری ایکسپرٹ گروپ کا قیام عمل میں لایا جارہا ہے جو کاشتکاروں کی فنی راہنمائی کرے گا۔اس کاٹن ایڈوائزری ایکسپرٹ گروپ میں اکیڈمیا، سائنسدان، انڈسٹری، جنرز و آپٹما کے نمائندگان شامل ہوں گے جو کپاس کی فی ایکڑ پیداوار بڑھانے میں اپنا کردار ادا کریں گے۔ وہ آج سول سیکرٹریٹ لاہور میں منعقدہ ڈویژنل سطح پر کاٹن ایڈوائزری گروپ اور کسان سہولت سینٹرز کے قیام کیلئے اجلاس کی صدارت کررہے تھے۔انھوں نے مزید کہا کہ کپاس کے پیداواری ہدف کے حصول کے لئے بہتر مینجمنٹ ازحد ضروری ہے جس کیلئے زیادہ محنت و کاوش کی ضرورت ہے۔اجلاس میں ایڈیشنل سیکرٹری زراعت ٹاسک فورس پنجاب محمد شبیر احمد خان، ڈائریکٹر جنرل زراعت (توسیع) ڈاکٹر محمد انجم علی اور ڈائریکٹر جنرل زراعت پیسٹ وارننگ رانا فقیر احمد جبکہ زراعت توسیع کے تمام ڈویژنل ڈائریکٹرز نے آن لائن شرکت کی۔اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے زراعت توسیع و پیسٹ وارننگ کے افسران کو ملاوٹ سے پاک زرعی زہروں کی مارکیٹ میں دستیابی یقینی بنانے کے لئے خفیہ معلومات کی بنیاد پر چھاپے مارنے کی ہدایت کی۔اس کے علاوہ انھوں نے کاشتکاروں کیلئے صوبہ بھر میں تحصیل کی سطح پر ایک کسان سہولت سینٹر قائم کرنے کی بھی ہدایت کی جہاں ون ونڈو کے تحت کپاس کے کاشتکاروں کو زرعی مداخل و مشینری کی دستیابی یقینی بنائی جائے گی۔انھوں نے مزید کہا کہ کپاس کی جاری مہم کو نتیجہ خیز بنانے کے لئے ضلعی انتظامیہ، محکمہ زراعت کی فیلڈ ٹیموں کے ذریعے تمام وسائل بروئے کار لائے جارہے ہیں۔اس کے ساتھ کاشتکاروں کی فنی راہنمائی کے لئے پرنٹ، الیکٹرانک و ڈیجیٹل میڈیا کا وسیع استعمال بھی کیا جارہا ہے۔کپاس کی بہتر مینجمنٹ کے لئے جن محکموں کو ڈیوٹیاں تفویض کی گئی ہیں اُن کی مانیٹرنگ جاری ہے اور کسی بھی کوتاہی کی صورت میں اُن کا محاسبہ کیا جائے گا۔

☆☆☆☆